روزنامہ دنیا اسلام آباد، جمعۃ المبارک، 4 اکتوبر 2024ء

Daily DUNYA Islamabad, Friday, October 4, 2024

# مری بروری کمپنی لمیٹڈ

Estd. 1860
MURREE BREWERY
Company Limited

## نوٹس برائے 157 واں سالانہ اجلاس عام

نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کمپنی کا 157 واں اجلاس عام (AGM) 25 اکتوبر، 2024ء بروز جمعہ صبح 09:30 بجے بمقام 3۔نیشنل پارک روڈ راولپنڈی میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور زیر بحث لائے جائیں گے:

**عمومی کاروبار**

1۔ 30 جون 2024ء کو اختتام شدہ سال کے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کے ساتھ کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

2۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز 30 جون 2024ء کو اختتام شدہ سال کے لئے سفارش کردہ 15 روپے فی شیئر کے حساب سے 150 فیصد ہر دس روپے والے حصص پر حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری دینا۔ یہ قبل ازاں ادا کیے جانے والے 25.5 روپے فی شیئر کے حساب سے 255 فیصد کے عبوری منافع کے علاوہ ہے۔ اس طرح شیئر ہولڈرز کو اختتامی سال 30 جون 2024ء کو ادا کیے جانے والا کل منافع منقسمہ 40.5 روپے فی شیئر کے حساب سے 405 فیصد بنے گا۔

3۔ کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آڈٹ اور رسک مینجمنٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سبکدوش ہونے والے موجودہ آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 30 جون 2025ء کو اختتام ہونے والے سال کے لئے کمپنی کا آڈیٹر مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

حسب الحکم بورڈ
چوہدری وقار اے کاہلوں
کمپنی سیکریٹری

راولپنڈی
03 اکتوبر 2024ء

نوٹس:

**کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کی دستیابی:**

30 جون 2024ء کو اختتام شدہ سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، AGM کے نوٹس اور دیگر متعلقہ مواد کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیا گیا ہے جسے درج ذیل QR کوڈ اور ویب لنک سے ڈاؤن لوڈ/دیکھا جا سکتا ہے:
www.murreebrewery.com/financials/

**شیئر ٹرانسفر بک کی بندش:**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 18 اکتوبر، 2024ء سے 25 اکتوبر، 2024ء (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی اور اس دوران شیئرز کی ٹرانسفر رجسٹریشن قابل قبول نہیں ہوگی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر "سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی" میں مورخہ 17 اکتوبر، 2024ء کو کاروبار کے اختتام پر موصول ہونے والی فزیکل ٹرانسفرز کو، اجلاس میں شرکت کرنے، اپنے رائے کا اظہار کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لئے، بروقت تصور کیا جائے گا۔

**پراکسی کی تقرری کا حق:**

ایک ممبر یہ حق رکھتا ہے کہ وہ اپنی جگہ کوئی پراکسی مقرر کر دے جو اس ممبر کی جگہ اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ دے۔ پراکسی کے تقرر کے کاغذات پر مناسب طریقے سے مہر اور دستخط موجود ہوں اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہو) جس کے تحت اُس پر دستخط ہوں اور اس پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ کاپی کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 3۔نیشنل پارک روڈ، راولپنڈی میں اجلاس سے 48 گھنٹے (غیر کاروباری دنوں کو چھوڑ کر) قبل جمع کروائی ہوں گی۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا چاہیے۔

**اجلاس میں شرکت کے لئے:**

i۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہے اور ان کی تفصیلات قواعد کے مطابق اَپ لوڈ ہیں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر انہیں بطور شناخت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے موقع پر نامزد فرد کے نمونے کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز قرارداد/پاور آف اٹارنی فراہم کی جانی چاہیے (پہلے فراہم نہ کی جانے کی صورت میں)۔

**پراکسیز کی تقرری کے لئے:**

i۔ کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حق رکھتا ہے وہ (کمپنیز ایکٹ، 2017 کی زیر دفعہ 137 (ڈی) کے مطابق) اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے کسی بھی دوسرے ممبر کو بطور نمائندہ مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیز کے مؤثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اجلاس سے 48 گھنٹے قبل مہر اور دستخط کے ساتھ لازمی موصول ہو جائیں۔

ii۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہے اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، ان کو مندرجہ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔

iii۔ پراکسی فارم پر دو گواہان کے نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہونا چاہیے۔

iv۔ مستفید ہونے والے مالکان اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئیں۔

v۔ اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

vi۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں ادارے کی جانب سے اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے نامزد شخص کے نمونے کے دستخط اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اور کمپنی کا پراکسی فارم جمع کروانا چاہیے (پہلے فراہم نہ کی جانے کی صورت میں)۔

**نظر ثانی نرخ پر فعال ٹیکس دہندگان اور غیر فعال دہندگان کیلئے انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ پر ود ہولڈنگ انکم ٹیکس ریٹس مندرجہ ذیل ہوں گے:

| | | |
|---|---|---|
| 1 | انکم ٹیکس ریٹرنز کے فعال ٹیکس دہندگان کے لیے ٹیکس کی کٹوتی کی شرح | 15% |
| 2 | انکم ٹیکس ریٹرنز کے غیر فعال ٹیکس دہندگان کے لیے ٹیکس کی کٹوتی کی شرح | 30% |

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر شیئر ہولڈر سے انفرادی معاملہ کیا جا سکتا ہے جیسا کہ کسی فعال یا غیر فعال ٹیکس دہندہ کا اور ٹیکس کی کٹوتی ہر جوائنٹ ہولڈر کے شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر کی جائے گی جیسا کہ شیئر ہولڈر کی جانب سے مطلع کیا جا سکتا ہے۔ مطلع نہ ہونے کی صورت میں ہر جوائنٹ اکاؤنٹ کو مساوی شیئرز کا حامل سمجھا جائے گا۔

| Folio / CDS Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |

CNIC نمبر/NTN کی تفصیل اب لازمی ہے اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ایکٹو ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) ٹیکس کی حیثیت کو چیک کرنے کے لیے ضروری ہے۔

**انکم ٹیکس/زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ:**

انکم ٹیکس سے مستثنیٰ یا کم شرح پر کٹوتی کے اہل ممبران سے درخواست ہے کہ وہ ٹیکس سے استثنیٰ کا قابل عمل سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت جمع کروائیں۔ زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کے خواہشمند ممبران سے درخواست ہے کہ وہ زکوٰۃ سے استثنیٰ حاصل کرنے کے لئے ایک جائز العمل اعلامیہ جمع کروائیں۔

**ویڈیو لنک کے ذریعے اے جی ایم میں شرکت:**

کمپنی نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے ممبران اور ان کے پراکسیز سے درخواست ہے کہ وہ مورخہ 22 اکتوبر 2024ء کو یا اس سے پہلے general.meetings@murreebrewery.com پر ای میل کے ذریعے "مری بروری کمپنی لمیٹڈ اے جی ایم کے لئے رجسٹریشن" کے موضوع کے ساتھ شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی درست کاپی کے ساتھ درج ذیل معلومات فراہم کر کے اپنا اندراج کروائیں:

| ممبر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/ فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ اراکین کو کمپنی کی طرف سے اسی ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جو کمپنی کو فراہم کیا گیا ہے۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی مکمل ہونے تک کھلی رہے گی۔

شیئر ہولڈرز جو سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے پر اپنے تاثرات/تجاویز بھیجنے کے خواہاں ہیں وہ کمپنی کو general.meetings@murreebrewery.com پر ای میل کر سکتے ہیں یا 0331-5880900 نمبر پر واٹس ایپ کر سکتے ہیں۔ کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ شیئر ہولڈرز کے تاثرات/تجاویز اجلاس میں پڑھے جائیں اور اس پر ردعمل کا اجلاس کے منٹس کا حصہ بنایا جائے گا۔

**پتے کی تبدیلی:**

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک 'B'، SMCHS، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو لازمی مطلع کریں۔

**الیکٹرانک موڈ کے ذریعے نقد معاوضہ کی ادائیگی:**

قانون کی شق 242 کا تقاضا ہے کہ لسٹڈ کمپنیز صرف الیکٹرانک طریقے سے براہ راست شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ ہی میں نقد منافع منقسمہ ادا کریں گی۔ ایس ای سی پی نے اپنے نوٹیفکیشن بحوالہ S.R.O.1145(1)/2017، کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 بھی جاری کیا تھا جس کے ذریعے ہر شیئر ہولڈر کو ذمہ دار ٹھہرایا گیا تھا کہ وہ اپنے نامزد بینک سے متعلق درست معلومات فراہم کریں تاکہ اہل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک طریقے سے براہ راست نقد میں کوئی واجب الادا منافع منقسمہ ادا کر دیں۔

اس سلسلے میں، کمپنی نے خطوط مع شائع کردہ اخبارات شیئر ہولڈرز کو ان کے پتے پر انفرادی طور پر پہلے ہی روانہ کر چکی ہے جس میں درخواست کی گئی ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد بین الاقوامی بینک اکاؤنٹس نمبر ("IBAN") فراہم کر دیں تاکہ نقد منافع منقسمہ الیکٹرانک طریقے سے وصول کر لیا جائے۔ اس لئے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.murreebrewery.com پر دستیاب کمپنی کے خط کے درکار شعبوں کو پُر کر لیں اور اسے کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو بھیج دیں۔ اگر شیئرز بک انٹری سیکیورٹیز کے طور پر رکھے ہیں تو مذکورہ معلومات کو CDS پارٹیسپنٹس کے ذریعے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم ("CDS") کو فراہم کیا جانا مطلوب ہوگا۔

**غیر دعویدار ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹ:**

کمپنی نے اپنی ویب سائٹ (https://www.murreebrewery.com) پر شیئر ہولڈرز کی ایک تازہ ترین فہرست اپ لوڈ کی ہے جن کے منافع یا شیئر سرٹیفکیٹ کمپنی کے پاس دستیاب ہیں جو ان کے واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک لاوارث یا بغیر ادائیگی کے رہے ہیں۔ لہٰذا جن شیئر ہولڈرز نے اب تک اپنے ڈیویڈنڈ یا شیئرز سرٹیفکیٹ وصول نہیں کیے ہے، ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار "سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی" سے ڈیویڈنڈ یا شیئر سرٹیفکیٹ کا دعویٰ کرنے کے لیے رابطہ کریں۔

نوٹ: اردو اور انگریزی اشتہارات کی عبارت میں کسی تضاد کی صورت میں انگریزی اشتہار کی عبارت کو درست تصور کیا جائے۔